Principles of Banking (Urdu Medium) - ICom Part 2 Principles of Banking Urdu Medium Chapter 10 Short Questions Test

Q1. تحریری وعدہ کے فریق کون کون سے ہیں.

Ans 1: مرتب کنندہ - وصل کنندہ یا مرتب الیہ

Q2. ہنڈی کی قانونی حیثیت کب ہوتی ہے.

Ans 1: مرتب کنندہ یعنی قرض خواہ اور مقروض یعنی مرتب الیہ جب ہنڈی پر دسخط کرتے ہیں تو ہنڈی کو قانونی حیثیت حاصل ہوتیہے.

Q3. بنک ڈرافٹ کے فریق کون کون سے ہیں.

Ans 1: رقم بھیجنے والا - مرتب کنندہ - مراتب الیہ - وصول کنندہ

Q4. بنک ڈرافٹ کے اندرجات کون سے ہوتے ہیں.

Ans 1: بنک کا نام۔ ڈرافٹ کی مالیت - ڈرافٹ کا سلسلہ نمبر - تاریخ اجراء - وصول کنندہ کا نام - وصول کنندہ کے بنک کا نام

Q5. ہنڈی کے تصدیق الیہ سے کیا مرادہے.

Ans 1: وہ شخص جس کو ہندی کی رقم وصول کرنے کے حقوق منتقل کیے گئے ہوں تصدیق الیہ کہلاتا ہے.

Q6. ہنڈی کے فریق کون کون سے ہیں.

Ans 1: مرتب کنندہ - مرتب الیہ - وصول کنندہ

Q7. ہنڈی کی تعریف کریں.

Ans 1: ہنڈی ایک غیر مشروط تحریری حکم نامہ ہے جس پر مرتب کنندہ کے دستخط ہوتے ہیں اور اس میں کسی خاص شخص کو یہ ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ ایک معینہ رقم ایک خاس مدت کے بعد اسے یا اس کے حکم کے مطابق ادا کردے.

Q8. تجارتی ہنڈی کی تعریف.

Ans 1: جب ایک تاجر دوسرے تاجر سے مال ادھار خریدتا یا ایک شخص دوسرے شخص سے قرض لیتا ہے اس لین دین کے لیے جو ہنڈی جاری کی جاتی ہے اسے تجارتی ہنڈی کہتے ہیں.

Q9. خزانے کی ہنڈی کی تعریف.

Ans 1: خزانے کی ہنڈی ایسی دستاویز ہے جس میں حکومت کی طرف سے کسی شخص یا کاروباری ادارے سے رقم کی ادائیگی کا وعدہ کیا جاتا ہے.

Q10. تظہیر شدہ ہنڈی سے کیا مراد ہے.

Ans 1: ایسی ہنڈی جسے مرتب کنندہ یا اس کا قابض کسی دوسرے شخص کو منتقل کرلے تظہیر شدہ ہنڈی کہتے ہیں. آیسی ہنڈی مسترد ہونے کی صورت میں اصل زمہ داری مرتب الیہ کی طرف منتقل ہوجاتی ہے.
